نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت اگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں کسان کارڈ کے اجراء اور سینٹرز آف ایکسیلنس کے قیام کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

لاہور: 20 مئی 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں انھوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے ٹرانسفارمنگ پنجاب اگریکلچر پروگرام کے تحت کسان کارڈ کے اجراء اور سینٹرز آف ایکسیلنس کے قیام کی پیش رفت سے متعلق جائزہ لیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ یکم جون 2024 سے کسان کارڈ کی رجسٹریشن شروع کر دی جائے گی۔اس ضمن میں کاشتکاروں کی رجسٹریشن کیلئے پورٹل سسٹم متعارف کرایا جائے گا۔انھوں نے مزید کہا کہ بلاسود زرعی قرضے بینک آف پنجاب کے ذریعے کاشتکاروں کو فراہم کیے جائیں گے۔یہ قرض سکیم نہایت سادہ اور شفاف ہوگی۔بلاسود قرض سکیم کے طریقہ کار کو حتمی شکل دی جا چکی ہے۔زرعی قرضہ جات کی یہ منفرد قرض سکیم صرف زرعی مداخل کی خریداری کے لیے استعمال ہوگی۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب نے افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ کپاس گندم اور چاول کے سینٹرز آف ایکسیلنس کے قیام کو جلد حتمی شکل دی جائے۔ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں بین الاقوامی معیار کے مطابق سینٹر آف ایکسیلنس قائم کیا جارہا ہے۔کاٹن اور رائس کے سینٹرز آف ایکسیلنس بالترتیب ملتان اور کالا شاہ کاکو میں قائم کیے جائیں گے۔سینٹر آف ایکسیلنس میں بین الاقوامی معیار کی لیبارٹریاں قائم کی جائیں گی۔انھوں نے مزید کہا کہ کپاس پر تحقیق ایک بڑا چیلنج ہے۔کپاس کی کلائیمیٹ سمارٹ اقسام کی دریافت کے لیے سرکاری اور پرائیویٹ سیکٹر کو مل کر تحقیقی سرگرمیاں کرنی پڑیں گی۔اجلاس میں اسپشل سیکرٹری زراعت پنجاب شہنشاہ فیصل عظیم،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ پنجاب کیپٹن (ر) وقاص رشید اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆